20-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔اسکل ڈیولپمنٹ کے مرکزی وزیر جینت چودھری نے کہا ہے کہ لاجیسٹکس کے شعبہ میں بھارت تیزی کے ساتھ ترقی کر رہا ہے۔

۲۔ مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ جولوجیکل سروے آف انڈیا گزشتہ 175 سال سے نمایاں خدمات انجام دے رہا ہے۔

۳۔تلنگانہ نارتھ ایسٹ کنیکٹ کے عنوان سے ٹیکنالوجی اور ثقافتی تقاریب آج شام حیدرآباد میں شروع ہورہی ہیں۔

اور

۴۔نبارڈ اور آئی اے ایم اے آئی کے زیر اہتمام پہلی آرتھ سمٹ آج حیدرآباد میں شروع ہوئی۔

Connect

تلنگانہ نارتھ ایسٹ کنیکٹ کے عنوان سے ٹیکنالوجی اور ثقافتی تقاریب آج شام حیدرآباد میں شروع ہورہی ہیں۔ریاستی حکومت نے ان تقاریب کو دو مرحلوں میں منعقد کرنے کے انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ان تقاریب کا بنیادی مقصد تلنگانہ اور شمال مشرقی ریاستوں ارونا چل پردیش، آسام، منی پور، میگھالیہ، ناگالینڈ، سکم اور تریپورہ کے درمیان ٹیکنالوجی اور ثقافتی علم و مہارت کا تبادلہ بڑھانا ہے۔پہلے مرحلے کے تقاریب آج سے پرسوں تک جاری رہیں گی۔ ان میں فنونِ لطیفہ کی نمائشیں، ادبی مذاکرے، فلم فیسٹیول، خواتین کی بااختیاری، کھیل، نوجوانوں کی ترجیحات اور دیگر موضوعات پر پروگرام شامل ہوں گے۔دوسرے مرحلے میں 25 سے 27 تاریخ تک راج بھون میں تقاریب

منعقد ہوں گی۔ اس دوران طب، صحت، فارما، لائف سائنسز اور آئی ٹی جیسے شعبوں پر پینل مباحث ہوں گے۔ 27 تاریخ کو راج بھون میں اختتامی تقریب کے ساتھ یہ جشن مکمل ہوگا۔ آج ہونے والی افتتاحی تقریب میں گورنر جشنو دیو ورما، وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے ساتھ تلنگانہ اور شمال مشرقی ریاستوں کے وزراء شرکت کریں گے۔

President

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کے ریاستی دورے کے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ وہ کل شام بولارم میں واقع راشٹر پتی نیلم میں منعقد ہونے والے ’بھارتیہ کلا مہوتسو‘ کے دوسرے ایڈیشن کا افتتاح کریں گی۔ اس کے بعد وہ رات قیام کے لیے راج بھون جائیں گی، جہاں سے بعد میں پٹا پرتی روانہ ہوں گی۔ اس بار حیدرآباد میں ہونے والا ’بھارتیہ کلا مہوتسو‘ مغربی ہند کے موضوع پر مبنی ہے۔ گجرات، مہاراشٹر، راجستھان اور گوا کی ریاستوں کے ساتھ ساتھ دادرا نگر حویلی اور دمن دیو کے مرکزی زیرِ انتظام علاقوں کی ثقافت، سیاحت، فنون اور ادب کی جھلک اس تہوار میں نمایاں ہوگی، یہ بات راشٹر پتی بھون کے حکام نے بتائی۔ اس موقع پر متعدد پدم ایوارڈ یافتگان اور ممتاز ادبی شخصیات اپنے علاقوں کی ثقافتی و ادبی اہمیت کو اُجاگر کریں گی۔ اس کے ساتھ مختلف ریاستوں کے خصوصی فنونِ لطیفہ کی نمائش، دستکاریوں اور کھادی مصنوعات کی فروخت کے اسٹالز بھی قائم کیے جائیں گے، جبکہ ہنرمندوں کی جانب سے دستکاریوں کی تیاری کے عملی مظاہرے بھی پیش کیے جائیں گے۔

Meeting

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد کی ایک ہوٹل میں مرکزی وزیر غذا و امورِ صارفین پر ہلاد جوشی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر چیف منسٹر نے مرکزی وزیر کو بتایا کہ تلنگانہ میں راشن کی دوکانوں پر باریک چاول مفت سربراہ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی کسی اور ریاست میں ایسی اسکیم پر عمل آوری نہیں ہورہی ہے۔ چیف منسٹر نے تجویز پیش کی کہ مرکزی حکومت ایسی ہی اسکیم کو پورے ملک میں لاگو کرے۔ سیول سپلائز کے ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی، چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ اور دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔

Governor

نارتھ ایسٹ کنکٹ تقاریب کے حصہ کے طور پر ریاستی گورنر جشنو دیو ورما حیدرآباد کے پرساد ملٹی پلیکس میں علاقائی فلموں کے دو روزہ فیسٹول کا افتتاح کریں گے۔ تعلقات عامہ کی اسپیشل کمشنر اور ٹی جی ایف ڈی سی کی منیجنگ ڈائرکٹر سی ایچ پرینکا نے یہ بات بتائی۔ اِس پروگرام میں ریاستی وزیر سینماٹوگرافی، کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، ٹی جی ایف ڈی سی کے چیرمین دل راجو، آسام کے ایڈیشنل چیف سکریٹری کلیان چکرورتی اور تلگو اور شمال مشرقی زبانوں کی فلموں کی مشہور شخصیتیں اِس پروگرام میں شرکت کریں گی۔ اِس فیسٹول میں آسامی، منی پوری، نیپالی، کھاسی، ہندی اور تلگو زبانوں کی فلموں کی نمائش ہوگی۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ جولوجیکل سروے آف انڈیا گزشتہ 175 سال سے نمایاں خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جی ایس آئی ملک میں صنعتی ترقی کیلئے کوئلہ اور

لو ہے کے ذخائر کی نشاندہی میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔ کشن ریڈی نے راجستھان کے جے پور میں جی ایس آئی کی 175 ویں سالانہ تقاریب سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی سہولتوں کی فراہمی، توانائی کے تحفظ، واٹر مینجمنٹ، ماحولیات کے تحفظ اور آفاتِ سماوی سے نمٹنے میں جی ایس آئی اہم خدمات انجام دے رہا ہے۔

Seethakka

خواتین کی بہبود کی ریاستی وزیر انا سویا سیتا اکا نے کہا ہے کہ اندرا گاندھی سے ترغیب حاصل کرتے ہوئے ہر خاتون کو خاتونِ آہن بننا چاہیئے۔ انہوں نے کاماریڈی ضلع کے بھیک نور مارکٹ یارڈ میں اندراماں ساڑیوں کی تقسیم کے پروگرام کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے خواتین میں ساڑیاں تقسیم کیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نے خواتین کو معاشی اور سماجی اعتبار سے بااختیار بنانے کے لئے کئی اسکیمیں شروع کی ہیں۔

Jayant Chaudhary

اسکل ڈیولپمنٹ کے مرکزی وزیر جینت چودھری نے کہا ہے کہ لاجیسٹکس کے شعبہ میں بھارت تیزی کے ساتھ ترقی کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس کیلئے نیشنل لاجیسٹکس پالیسی، پردھان منتری گتی شکتی کے تحت درکار سرمایہ کاری فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے حیدرآباد میں آج نیشنل اسکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کیمپس میں سنٹرل آف لاجیسٹکس ٹریننگ اکسلنس کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حیدرآباد میں اسکل ڈیولپمنٹ کیلئے خصوصی سہولتیں دستیاب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سنٹر سے نوجوانوں کو ہنرمند بنانے مدد ملے گی۔

Juvenile Justice Board

محبوب آباد کے چیف ڈسٹرکٹ جج محمد عبدالرفیع نے لڑکوں کومشورہ دیا ہے کہ وہ جرائم کا راستہ اختیار نہ کریں اور بہترین شہری بننے کی کوشش کریں۔ انہوں نے محبوب نگر میں بالا رکشا بھون میں جونائل جسٹس بورڈ کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ بورڈ ہر جمعرات کومقدمات کی سماعت کرے گا۔ انہوں نے سزا یافتہ لڑکوں کی باز آباد کاری کیلئے خصوصی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔

NABARD

نبارڈ اور آئی اے ایم اے آئی کے زیر اہتمام پہلی آرتھ سمٹ آج حیدرآباد میں شروع ہوئی۔اس کانفرنس میں مختلف اہم موضوعات پر تبادلہ خیال ہورہا ہے۔اس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ نبارڈ ملک کے دیہی علاقوں کی ترقی میں اہم رول ادا کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں 43 ہزار کلومیٹر کا ٹی فائبر ڈیجیٹل بیک بون صرف براڈ بینڈ کی سہولت نہیں ہے بلکہ اس سے ٹیلی میڈیسن، فاصلاتی تعلیم اور جدید کاشتکاری میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ سال 2030ء تک ریاست میں 31 فیصد قابل تجدید توانائی کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ زراعت صرف معاشی شعبہ نہیں ہے بلکہ بھارت کی روح ہے۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد میں اسٹارٹ اَپ کمپنیوں اور ریاست میں دیہی ترقی کیلئے ریاستی حکومت نبارڈ کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔

Sound Byte

وزیر زراعت تو ملا ناگیشور راؤ نے کہا کہ نبارڈ کسانوں کے مسائل حل کرنے میں بھرپور تعاون کررہا ہے۔

PM - MANN KI BAAT:

وزیراعظم نریندر مودی  اس مہینہ کی 30 تاریخ کو آ کاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی مما لک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 128 واں ایپی سوڈ رہے گا۔عوام اس پروگرام کیلئے اپنے تجاویز، مشورے اور خیالات روانہ کرنے کے لئے ٹول فری نمبر 7800-11-1800 پر ربط قائم کرسکتے ہیں۔ وہ نریندر مودی ایپ یا مائی گو اوپن فورم پر آن لائن بھی اپنے خیالات روانہ کرسکتے ہیں۔عوام 1922 پر مس کال دیتے ہوئے ایس ایم ایس کے ذریعہ ملنے والی لنک پر بھی اپنے تجاویز اور مشورے روانہ کرسکتے ہیں۔ یہ تجاویز اور مشورے اس مہینہ کی 28 تاریخ تک روانہ کئے جاسکتے ہیں۔

OO